# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025
# END-OF-YEAR ASSESSMENT
## SUBJECT: URDU
## GRADE-8

**FINAL TERM**

**[ Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ____________________

**Student Name :** ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: فعل مجہول کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) کھانا کھایا گیا۔ (b) انھوں نے کھانا کھایا تھا۔ (c) علی نے کھانا کھایا۔ (d) ہم کھانا کھا چکے ہیں۔

سوال نمبر 2: لفظ "طرف" کی جمع الجمع کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) پارک کے اطراف میں خوب صورت درخت ہیں۔ (b) پارک کے طرفین میں خوب صورت درخت ہیں۔
(c) پارک کی تمام طرفوں درخت ہی درخت ہیں۔ (d) پارک کی طرفینوں میں درخت موجود ہیں۔

سوال نمبر 3: کسی کام کے شروع ہی میں مشکل کا سامنا کرنا پڑ جائے، تو ضرب المثل بولی جاتی ہے:

(a) جس کی لاٹھی اس کی بھینس (b) سر منڈاتے ہی اولے پڑے
(c) ڈوبتے کو تنکے کا سہارا (d) ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا

سوال نمبر 4: اسم صفت کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) یوسف سکول جاتا ہے۔ (b) کاشف کھانا کھاتا ہے۔ (c) احمد ایک ذہین لڑکا ہے۔ (d) جنید کتاب پڑھتا ہے۔

سوال نمبر 5: چھک چھک ہے:

(a) اسم آلہ (b) اسم ظرف مکاں (c) اسم صوت (d) اسم ظرف زماں

سوال نمبر 6: اسم جمع کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) ہجوم کے شور سے گلیاں گونج رہی تھیں۔ (b) وہ بازار سے کتابیں خرید کر لائے تھے۔
(c) ہم سب کل کرکٹ کھیلنے گئے تھے۔ (d) باغ رنگ برنگے پھولوں سے سجا ہوا تھا۔

سوال نمبر 7: "استاد نے سبق پڑھایا۔" اس فقرے میں مفعول ہے:

(a) استاد (b) سبق (c) نے (d) پڑھایا

سوال نمبر 8: اسم حاصل مصدر والا درست جملہ ہے:

(a) اس گھر کی بناوٹ شان دار ہے۔ (b) خالد گھر چلا گیا ہے۔
(c) چشمے کا پانی بہت ٹھنڈا ہے۔ (d) ناصر ابو بکر سے چھوٹا ہے۔

سوال نمبر 9: متضاد الفاظ کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) اندھیرا چھٹا تو روشنی پھیل گئی۔ (b) یہ کام کٹھن اور دشوار ہے۔
(c) ہر طرف خوشبو اور مہک پھیلی ہے۔ (d) بچے خوش اور مسرور ہیں۔

سوال نمبر 10: لفظ "جھاڑو" کے استعمال والا درست جملہ منتخب کریں۔ جس سے اس کی تانیث واضح ہو:

(a) ماں نے صحن میں جھاڑو لگا دی۔ (b) روزانہ صبح جھاڑو دینا اچھی عادت ہے۔
(c) جھاڑو سے فرش صاف ہو گیا۔ (d) دادی نے کہا، "جھاڑو ہمیشہ کونے تک لگاؤ۔"

سوال نمبر 11: تمام مہینوں اور دنوں کے نام مذکر ہیں، سوائے:

(a) جمعہ (b) جمعرات (c) جنوری (d) دسمبر

سوال نمبر 12: فعل ماضی قریب کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) خالد نے مضمون لکھا ہے۔ (b) بچہ رو رہا تھا۔ (c) کسان نے فصل کاٹی تھی۔ (d) نعت سنائی گئی ہو گی۔

سوال نمبر 13: "کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب / / آؤ نا ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی" اس شعر میں تلمیح ہے:

(a) فرض (b) جواب (c) کوہ طور (d) سیر

سوال نمبر 14: گروہی الفاظ والی فہرست ہے:

(a) باغ، باورچی خانہ، بستہ، کتاب (b) باغ، پودے، پرندے، تتلیاں
(c) باغ، سڑک، بستہ، قلم (d) باغ، طالب علم، محلہ، رکشہ

سوال نمبر 15: "سادہ" سے بننے والے درست لفظ کی نشان دہی کریں:

(a) سادی (b) سوادی (c) سودائی (d) سادگی

سوال نمبر 16: درست محاورہ کا انتخاب کریں:

(a) آسمان پر چڑھنا (b) آسمان سر پر اٹھانا (c) آسمان کو دیکھنا (d) آسمان پر تارے گننا

سوال نمبر 17: سابقہ "بے" سے بننے والے درست الفاظ کی فہرست ہے:

(a) بے صورت، بے علم، بے پرواہ (b) بے خبر، بے مثال، بے کار (c) بے امتیاز، بے خبر، بے علم (d) بے معنی، بے خوف، بے شکل

سوال نمبر 18: حرف تحسین کے استعمال ہونے والا درست جملہ ہے:

(a) واہ! کیا زبردست شعر ہے۔ (b) اوئے! ادھر آو۔
(c) کاش! میں تمہارے ساتھ نہ ہوتی۔ (d) آہ! میں امتحان میں ناکام ہو گیا۔

سوال نمبر 19: "متشابہ الفاظ بلحاظ آواز" کی نشان دہی کریں:

(a) عرض-غرض (b) کام-شام (c) گپ-شپ (d) علم-الم

سوال نمبر 20: درست اعراب والے لفظ کا انتخاب کریں۔

(a) بِدَوِی (بِ-دَ-وِ-ی) (b) سَروِر (سَ-ر-وِ-ر) (c) شُجاعَت (شُ-جَ-ا-عَ-ت) (d) مُحاصَرے (مُ-حا-صَ-ر-ے)

سوال نمبر21: چاندنی رات میں سب سے زیادہ دل کش اور حسین منظر کون سا ہوتا ہے، جو دیکھنے والے کے دل کو لبھاتا اور فطرت کی خوب صورتی کو نمایاں کرتا ہے؟

(a) گرد و غبار سے بھرا آسمان (b) چاند کی روشنی میں دمکتے پانی کے قطرے
(c) دھند کی وجہ سے دھندلا منظر (d) دھوپ کی شدت اور چمک

سوال نمبر22: "سورج دھندلا چکا، پرندے چھپ گئے، دن میں نیم تاریکی کا سماں ہے۔" یہ منظر ہے:

(a) موسم برسات (b) موسم خزاں (c) موسم گرما (d) موسم بہار

سوال نمبر23: لفظ "خوشی" کے تھیسارس کی فہرست ہے:

(a) مسرت، شادمانی، فرحت، سرور۔ (b) افسوس، ملال، اداسی، رنج۔
(c) کوشش، جستجو، جدوجہد، مشقت۔ (d) رفاقت، تعلق، بھائی چارہ، دوستی۔

سوال نمبر24: اک گھر کا اک پہرے دار / / خوب چوکنا اور ہُشیار۔ کب چھوڑے وہ جس کو پکڑے / / جس کو پکڑے اُس کو جکڑے۔ اس پہیلی کی بوجھ ہے:

(a) مکڑی (b) کیڑا (c) مکوڑا (d) بھڑ

سوال نمبر25: معاشرے میں امن و امان کو یقینی بنانا پولیس کی ذمہ داری ہے۔ ایک اچھے پولیس افسر کی خصوصیت ہونی چاہیے:

(a) اختیارات کا غلط استعمال (b) لوگوں سے بدتمیزی کرنا (c) جرم میں شریک ہونا (d) ایمانداری اور انصاف پسندی

سوال نمبر26: سکول سے واپسی پر آپ کی نظر ایک گھر پر پڑی جہاں آگ لگی ہوئی تھی، اس صورت حال میں آپ کا رویہ ہو گا:

(a) خوب چیخ پکار کریں گے۔ (b) فائر بریگیڈ کو بُلائیں گے۔
(c) فوراً بھاگ جائیں گے۔ (d) ٹھنڈا پانی پییں گے۔

سوال نمبر27: کھیل کے دوران آپ کے ہم جماعت نے آپ کو زخمی کر دیا ہے، آپ کا اس کے ساتھ رویہ ہو گا:

(a) اسے معاف کر دیں گے۔ (b) ہر صورت بدلہ لیں گے۔
(c) بات دل میں رکھیں گے۔ (d) کبھی بات نہیں کریں گے۔

پیراگراف ہدایات*

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیئے گئے سوالات کے درست جوابات کی نشان دہی کریں۔

حکیم محمد سعید نے طب کے شعبے میں زبردست خدمات سر انجام دیں۔ آپ نے طب کے موضوعات پر دو سو سے زیادہ کتابیں لکھیں۔ صرف یہ ہی نہیں بلکہ آپ نے مذہب، معاشرتی علوم پر بھی کتب تحریر کیں۔ آپ کے لیے لکھے ہوئے سفر نامے بھی ادبی شاہ کار کی حیثیت رکھتے ہیں۔ حکیم محمد سعید صوبہ سندھ کے گورنر بھی رہے۔ انھوں نے گورنر رہتے ہوئے نہ کبھی تنخواہ لی اور نہ ہی کبھی سرکاری گاڑی میں سفر کیا۔ ان کی خدمات کے صلے میں حکومت نے انھیں ستارہ امتیاز سے بھی نوازا۔

سوال نمبر28: حکیم محمد سعید کو عطا کیا گیا:

(a) ستارہ جرأت (b) ستارہ امتیاز (c) نشان حیدر (d) نشان ہلال

سوال نمبر29: عبارت کا مرکزی خیال ہے:

(a) حکیم محمد سعید کی فوجی خدمات (b) حکیم محمد سعید کی سیاسی خدمات (c) حکیم محمد سعید کی دفاعی خدمات (d) حکیم محمد سعید کی طبی خدمات

سوال نمبر30: لفظ طب سے مراد ہے:

(a) علاج (b) پرورش (c) ظلم (d) ذمہ داری

سوال نمبر31: حکیم محمد سعید میں جذبہ کار فرما تھا:

(a) جذبہ تعصب پروری (b) جذبہ رحم دلی (c) جذبہ خدمت خلق (d) جذبہ انصاف پسندی

سوال نمبر32: حکیم محمد سعید نے کس موضوع پر دو سو سے زائد کتب تحریر کیں:

(a) معیشت پر (b) طب پر (c) مذہب پر (d) معاشرت پر

---

## حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر33: درج ذیل اشعار کی تشریح لکھیں۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیں۔ (کل نمبر10)

ہر درد کا ہوتا ہے درمان مدینے میں — خالق کا بھی ہوتا ہے عرفان مدینے میں
خاکِ درِ اقدس پہ رکھتی ہے جبیں دنیا — اس طرح نکلتے ہیں ارمان مدینے میں

سوال نمبر34: "عیدین" کے موضوع پر مفصل مضمون تحریر کریں۔ (کل نمبر10)

سوال نمبر35: دو دوستوں کے درمیان "مہنگائی" کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔ (کل نمبر10)

سوال نمبر36: کتابوں کی نمائش کی تقریب کی روداد تحریر کریں۔ (کل نمبر10)

سوال نمبر37: درج ذیل نظم پارہ کو غور سے سنیں اور پوچھے جانے والے سوالات کے زبانی جوابات دیں۔ (نظم پارہ اور سوالات روبرکس میں موجود ہے۔) (6 نمبر)

سوال نمبر38: درج ذیل نثر پارہ کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیں۔ (نوٹ: نثر پارہ روبرکس میں موجود ہے۔) (کل نمبر6)